786

تحریر محسن احمد شیخ

سات سو چھیاسی، یہ ہندسے دیکھتے ہی یہ خیال آتا ہے کے اسکا مطلب بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہے یا یہ کہہ لیجیے کہ ہندسوں میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھا ہے مگر ایسا نہیں. اسکی تفصیل اگے پڑھ کر آپ خود ہی سمجھ جاینگے -

کچھ ناقدین بار بار اس ہندسہ کو کفار کے جعلی معبودوں سے ملا دیتے ہیں یا پھر ایسے معنی لیکر آتے ہیں جو عقل سے بالاتر ہوں .

حال ہی میں میں نے ایک ویڈیو دیکھی جسمیں ایک غیر مقلد عالم ۷۸۶ کے معنی کچھ ایسے بتاتے ہیں کے ایک خاتون ان کے پاس آتی ہے اور بتاتی ہے کی اسکا مطلب ہری کرشنا ہے - مطلب اگر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اعداد یکجا کیا جائے تو بھی ۷۸۶ آتا ہے اور ہری کرشنا کے اعداد کو یکجا کیا جائے تو بھی ۷۸۶ ہی آتا ہے .

بات تو وہ سہی کر رہے تھے مگر اپنے ناقص علم کے مطابق جسکی رہنمائی وہ شاید شیطان سے لے رہے ہوں کیوں کے اپنے علم کا غلط استعمال تو سہی سے شیطان ہی کرنا اور کروانا جانتا ہے .

سب سے پہلے تو یہ جان لیں کہ ۷۸۶ کا مطلب ہر گز ہر گز بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہی ہیں اور اور نہیں اسے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی جگہ لکھا جائے مگر ۷۸۶ کے ہندسے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اعداد ضرور ہیں .

کچھ چیزیں جو ۷۸۶ کے حوالہ سے شاید ہی آپکو سمجھائی گئی ہو گی آج ہم کوشش کریں گے کے آپ کو سہی طریقے سے سمجھائی جائے اور ۷۸۶ کی تفصیل پر لکھا جانے والا شاید یہ پہلا رسالہ ہو -

اگر ہم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے حرف کی گنتی کرتے ہیں تو وہ انیس اعداد بنتے ہیں تو یہ ۷۸۶ کہاں سے آگیا، جی ہاں ۷۸۶ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے وہ اعداد ہیں جو حرف ابجد سے نکالے گئے ہیں - حرف ابجد علم الاعداد کا ایک ایسا علم ہے جسمیں حرف تہجی کی ہر حرف کو ایک حرف کے ساتھ جوڑ دیا گیا ہے. جیسے الف کے کا ایک عدد ہے ب کا دو ج کا ۳ د کا ۴.

خ	ح	ج	ث	ت	ب	ا
600	8	3	400	500	2	1
ص	ش	س	ز	ر	ذ	د
90	300	60	7	200	700	4
ک	ف	غ	ع	ظ	ط	ض
20	80	1K	70	900	9	800
ی	ھ	و	ن	م	ل	ق
10	5	6	50	40	30	100

اوپر دیے گے چارٹ سے آپ حرف ابجد کو سمجھ گئے ہونگے .

اب آپکے ذہن میں یہ سوال ضرور آئے گا کہ جب کوئی بھی لفظ پڑھنے میں آسان ہے اور لکھا ہوا بھی سمجھ آجاتا ہے تو اسے اعداد میں تبدیل کرنے کی کیا ضرورت ہے اور مان لیں اگر تبدیل بھی کر دیا گیا تو بات تو وہی ہے کے کسی بھی مختلف لفظوں کے ایک جیسے اعداد نکل سکتے ہے.

تو آپکے ذہن کو پہلے تو یہ سمجھنا پڑھے گا کے کسی بھی حرف کو اعداد میں تبدیل نہیں کیا جا رہا .بلکہ حساب کے علم کے مطابق اس لفظ کا فارمولا معلوم کیا جا رہا ہے

پہلے ہم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اعداد کو جانتے ہیں، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم انیس حروف پر .مشتمل ہے اور الم الاعداد کے مطابق اسکے ۷۸۶ اعداد بنتے ہیں

ہر لفظ کی اپنی ایک طاقت ہوتی ہے. حرف ابجد کے ذریعے تمام حرف کو الگ الگ طاقت میں واضح کیا گیا ہیں جیسے اگر آپ کسی رنگ ساز کے پاس جایں تو وہ تین بنیادی رنگوں سے مختلف رنگ بناتا ہے اسی طرح اگر حرف خاص طریقے سے جوڑے جایں تو وہ اپنی ایک طاقت بناتے .ہیں. یہاں الف کی طاقت ایک با کی طاقت دو تا کی طاقت چار سو دکھائی گئی ہے

جب تمام طاقتوں کو سہی ترتیب سے جوڑا جاتا ہے تو وہ ایک کیمیائی شکل اختیار کرتے ہیں-اور حرف کے ظاہری اعداد اور باطنی اعداد اسکے استعمال کا طریقہ بتاتے ہیں

.

آپکے سمجھنے کے لیے میں نے اعدادی طاقت کو رنگوں کی صورت میں ڈھالا ہے

اب آپ خود ہی اس بات کو سمجھیں کے اگر کسی بھی طرح ظاہری شکل ایک جیسے لے آئی جائے مگر اس کو اس شکل میں آنے کے لیے الگ الگ فارمولا استعمال کیا گیا جس سے دونوں کی حاصل کردہ کارکردگی تبدیل ہو گئی تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور ہری کرشنا ایک جیسے معنی کیسے رکھ سکتے ہیں.

اور ہری کرشنا ہندی زبان کا لفظ ہے اس پر الگ اعداد کا اطلاق ہو تا ہے اور اردو پر عربی اعداد کا اطلاق-

چلیں کچھ دیر کے لییے ہم مان لیتے ہیں تو کچھ ایسی پاور جنکا استمال بہت زیادہ ہو وہ لفظ ہری کرشنا کو نقصان دہ بھی بنا سکتی ہیں.

- ہے ہم اسکے اعداد نکلتے ہیں H2O جیسے پانی کا فارمولا

ایچ برابر ہے آٹھ کے

کی شکل وہی ہے 2

او کو واؤ سے تشبیہ دیتے ہوئے چھ

۸+۲+۶=۱۶

اب ہم فارمولا تبدیل کرتے ہیں مطلب جہاں آکسیجن دو درجہ تھی اسی ہائیڈروجن کے مساوی کرتے ہیں اور ہائیڈروجن کو آکسیجن کے مساوی .

O2H

او کو واؤ سے تشبیہ دیتے ہوئے چھ

کی شکل وہی ہے 2

ایچ برابر ہے آٹھ کے

١٦=٨+٢+٦

اب آپ بتائیں اگر دونوں جواب ایک ہیں پر فارمولا تبدیل ہے تو جہاں پانی ہے وہاں زندگی اور دسری موت

نیچے دیئے گئے چارٹ کو دیکھیں اور سمجھیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

786

بسم اللہ الرحمن الرحیم	ب	س	م	ا	ل	ل	ہ	ا	ل	ر	ح	م	ن	ا	ل	ر	ح	ی	م	
حرف کی تعداد	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16	17	18	19	19
حرف ابجد کی تعداد	2	60	40	1	30	30	5	1	30	200	8	40	50	1	30	200	8	10	40	786

ہرے کرشنا	ہ	ر	ے	ک	ر	ش	ن	ا	
حرف کی تعداد	1	2	3	4	5	6	7	8	8
حرف ابجد کی تعداد	5	200	10	20	200	300	50	1	786

جیسے ایک کیمیادان جانتا ہے ہے کونسا کیمکل کتنی تعداد میں ڈالنے سے کیا نتیجہ آئیگا اسی طرح میرا رب ہی بہتر جانتا ہے کے اسکی اتاری ہوئی اس کتاب میں کیا کیمیادانی ہے. کس حرف کی کتنی طاقت ہے ہم صرف اخذ کر سکتے ہیں .

- قرآن کو سمجھیں سیکھیں اور سکھائیں

جزاک اللہ